جشن کی تقریبات میں ڈفلی بجانا - 2 /Dec/ 2019

سوال: خوشی کےموقع پر زنانہ محفلوں (ولادت اور شادی کی تقریبات وغیرہ) میں ڈفلی کے استعمال کا کیا حکم ہے؟

جواب: اگر اس انداز میں استعمال کی جائے کہ انسان کو اللہ تعالیٰ ، معنویات اور اخلاقی فضائل سے دور کردے اور بے راہ روی، بےہودگی اور گناہ کی جانب دھکیل دے تو حرام ہے، ہر صورت میں مذہبی مناسبات کے مواقع پر موسیقی کے آلات کا استعمال اہل بیت (علیہم السلام) کی محافل اور مجالس کے شایان شان نہیں ہے، اگرچہ حلال قسم کی ہی کیوں نہ ہو، اہل بیت (علیہم السلام) کے تقدس اور مقام کا خیال رکھنا ضروری ہے۔